## سوال

(209) میرے صحابی رضوان اللہ عنہم اجمعین ستاروں کی مانند ہیں لخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مشکواۃ میں جو حدیث حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت آئی ہے۔ کہ

اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم یعنی میرے صحابی رضوان اللہ عنہم اجمعین ستاروں کی مانند ہیں۔ جس کی اقتداء کروگے ہدیت والے ہوجاؤگے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ یا غیر صحیح ہے ہ۔
(اے۔ ای۔ پٹیل۔ ٹون افریقہ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت صحیح نہیں۔ حافظ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ کئی طرق نقل کرکے لکھتے ہیں۔ لایثبت شی منہا (کوئی روایت ثابت نہیں) آگے لکھا ہے:

فہذا الکلام لایصح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد2ص156**

محدث فتویٰ